| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | کی جی (تیرھواں ہفتہ) | **موضوع:** | پیش کا تعارف | **دن:** | پہلا |

| **حاصل سبق** | **طریقہ تدریس** | **وقت** | **وسائل** | **جانچ** |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان ، ادائیگی کر سکیں۔ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو زیر اور زبر کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم زبر اور زیر کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ آج ہم (پیش) کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایئے کہ (پیش) ہمیشہ حروف کے اوپر آتی ہے۔ اور (پیش) کی آواز (Oo) کی ہوتی ہے۔ تختہ سفید پر حروف تہجی (پیش) کے ساتھ لکھ کر پڑھائی کروایئے۔ اُ بُ پُ ۔۔۔۔۔ آواز پر زور دیا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو (زبر) (زیر) اور (پیش) کے فلیش کارڈ دکھا کر اور پلے ڈو دے کر زیر، زبر اور پیش بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 79 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تمام پیش والے الفاظ تختہ سفید پر لکھ کر معلمہ اُن کی پڑھائی کروائی جائے گی آواز پر زور دیا جائے گا بچوں سے الفاظ پر پنسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>مُڑ، اُن، سُن، گُل، رُک الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 82 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | زبر، زیر، پیش<br>فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>کتاب صفحہ 79 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | پیش کا تعارف | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان ، ادائیگی کرسکیں۔ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے دُم، بُن، گُن، کُن، سُر الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |
| | تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم پیش کے ساتھ ہم پیش کے ساتھ ہم آواز الفاظ کی پڑھائی کریں گے۔ ہم آواز الفاظ وہ الفاظ ہوتے ہیں جن کی آخر کی آواز ایک ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر چُن، بُن، سُن، کُن، پیش کے ساتھ ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | مرکزی سرگرمی:<br>بچوں کو پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا ہر گروپ کو ایک لفظ دیا جائے گا۔<br>چُک ------------- گُر ----------------<br>اُڑ ------------- سُم ----------------<br>بچے ان الفاظ سے کم از کم دو ہم آواز الفاظ بتائیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 80 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تمام الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ہم آواز الفاظ تلاش کر کے نیچے دیے گئے ہر لفظ کے سامنے لکھیے اور پڑھیے۔ | 20 منٹ | الفاظ فلش کارڈ<br>کتاب صفحہ 80 | |
| | اختتامیہ:<br>بچوں سے تُم، سُم، دُم، گُل، گُن الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | پیش کا تعارف | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ پیش کی آواز کی پہچان ، ادائیگی کر سکیں۔ الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے مختلف پیش آنے والے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زیر، زبر، اور پیش کے الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھیں گے۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر سِل، بَیل، دُم، چُن، کِیل، قیدالفاظ کے توڑ کر کے پڑھائی کروائی جائے گی۔ زبر، زیر اور پیش کی آواز کی ادائیگی کرائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 83 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تمام جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر معلمہ ان کی پڑھائی کروائی گی۔ درست لفظ چن کر خالی جگہ پر کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور دوبارہ مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>مانو کی دُم ہِل رہی ہے، ابو کو کِیل دے دو میرا سوٹ سِل رہا ہے۔ جملوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 83 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا پیش کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | پڑھیے اور لکھیے | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ الفاظ کی پڑھائی کر سکیں۔ توڑ کر سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>زبر، زیر، پیش کے الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>میں، میرا، میری، میرے، ہیں، ہوں الفاظ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'میں' خود کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ جملوں سے مثال دیں میں لڑکی ہوں، میں لڑکا ہوں۔ میرا اور میری، میرے کا استعمال بتائیے ہیں کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھیں کہ یہ لفظ کیا ہے۔ بچوں کو یاد دہانی کروائیے کہ ہم 'ہیں' پڑھ چکے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ایریا میں لے جایا جائے گا۔ جہاں معلمہ یہ تمام الفاظ لکھیں گی۔ معلمہ بچوں کو بتائے گی کہ جو لفظ وہ بولیں اس پر جا کر چھلانگ لگانی ہے اور پڑھ کر بتانا ہے۔ سب بچوں سے باری باری یہ مشق کروائی جائے گی۔ کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی میں میرا، میری، میرے کی لکھائی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں میرا، میری اور میرے تینوں لکھوائیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر میرا، میری، میرے کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ موسموں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (تیرھواں ہفتہ) | موضوع: | پڑھیے اور لکھیے | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔ توڑ کرسکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو میں، میرا، میری، میرے، ہیں، ہوں کے الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ان الفاظ کے توڑ، لکھائی اور جملوں میں استعمال سیکھیں گے۔ معلمہ جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان میں الفاظ کی نشاندہی کروائے گی۔ یہ میرا گھر ہے۔ میں صبح جلدی اٹھتا ہوں، آپ کون ہیں؟ یہ میری گاڑی ہے۔ وہ مرے جوتے ہیں وغیرہ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ٹوکری میں او پر پڑھیے تمام الفاظ کے توڑ فلیش کارڈ رکھے جائیں گے۔ معلمہ باری باری ایک بچے کو بلائے گی۔ اُس کے کان میں ایک لفظ بتائے گی۔ بچہ ٹوکری میں سے اُس کا توڑ تلاش کر کے باقی بچوں کو دکھائے گا اور بچے لفظ بتائیں گے۔ سب بچوں سے باری باری یہ سرگرمی کروائی جائے گی۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ 41 کھولنے کو کہا جائے گا۔ الفاظ کے توڑ کی لکھائی کروائی جائے گی۔ الفاظ لکھوائے جائیں گے اور جملوں کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سفید/ سیاہ پر ہوں، ہیں، میں لکھوائے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 نٹ<br>s<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>زیر اور زبر<br>علامت کٹ آؤٹس | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>موسموں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |